اسموقع پروزیراعظم عمران خان نے چینی ہم منصب کوسی پیک سے متعلق اپنی ترجیحات،حکومت کی معاشی اصلاحات اورضروریات سے متعلق بھی آگاہ کیا،

چینی وزیراعظم لی کی چیانگ کا کہنا تھا کہ سی پیک پاکستان اور چین کے لئے ہی نہیں بلکہ پورے خطے کے لئے گیم چینجر ہے

چین کے نائب صدر وانگ کیشان سے ملاقات کے دوران وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ سی پیک کے تحت سماجی و اقتصادی اور صنعتی ترقی اور روزگار کی فراہمی سے متعلق دیگر منصوبے ہماری حکومت کی ترجیح ہیں،



## وزیراعظم عمران خان نے چینی ہم منصب کوسی پیک سے متعلق اپنی ترجیحات،حکومت کی معاشی اصلاحات اورضروریات سے متعلق آگاہ کیا

۷ کروڑ افراد کوغربت سے نکالنے اور کرپشن کی روک تھام سے متعلق چین کی کامیاب کوششیں قابل تعریف ہیں،

اور پاکستان بھی غربت میں کمی اور کرپشن کی روک تھام کے لئے چین کے تجربات سے استفادہ کرے گا اس کے علاوہ وزیراعظم عمران خان سے چیئر مین چائنا ریلویز کنسٹرکشن کارپوریشن، چائنا ریفو انٹرنیشنل انویسٹمنٹ کمپنی کی چیئر مین، اور چیئر مین بینک آف چائنا گروپ نے الگ الگ ملاقاتیں کی

## سی پیک کے ذریعے سڑک ، ریل اور ہوائی نقل و حمل کے نظام میں اضافہ ہو گا

ترقی کے مسلسل اور آزادتبادلے اور لوگوں سے رابطے کرنے، تعلیمی، ثقافتی اور علاقائی حجم اور ثقافت، تجارت اور کاروبار کے بہاؤ کی زیادہ مقدار کی سرگرمی، توانائی کی پیداوار اور بڑھتی ہوئی توانائی کو زیادہ سے زیادہ کاروباری اداروں کے ذریعے تعاون کے بڑھانے کا نتیجہ مشترکہ ہم آہنگی اور ترقی کا مربوط رعلاقہ ہوگا